| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
|---|---|---|---|
| استاد کا نام: ________ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: تاریخ | سبق کا نام: تہذیبوں کا آغاز |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یونانی، رومی اور گندھارا تہذیبوں کی نمایاں خصوصیات بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے کہیں کہ آج وہ سبق ''قدیم تہذیبیں'' پڑھیں گے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- جماعت چہارم میں انھوں نے کون کون سی تہذیبوں کے بارے میں پڑھا ہے۔ طلبہ سے ان تہذیبوں کے بارے میں بات چیت کریں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں ہم یونانی، رومی اور گندھارا تہذیبوں کے بارے میں پڑھیں گے۔
- طلبہ کو یونانی، رومی اور گندھارا کی تہذیبوں کے نقشے دکھائیں اور بتائیں کہ یہ تہذیبیں کہاں پروان چڑھیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج کے دور میں کون کون سے علاقے اور کون سے لوگ ان علاقوں میں آباد ہیں، جہاں یہ تہذیبیں پروان چڑھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ ایک صفحہ پر لکھیں کہ وہ ان تہذیبوں کے بارے میں کیا کیا جاننا چاہتے ہیں۔ طلبہ کے سوالات (تہذیبوں کے حوالے) سے پڑھیں اور ان کے تسلی بخش جواب طلبہ کو دیں۔
- انٹرنیٹ کی مدد سے طلبہ کو یونانی، رومی اور گندھارا کی تہذیبوں کی تصاویر دکھائیں اور ان تہذیبوں کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

**اعادہ** 3 منٹ

آج کا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: یونانی، رومی اور گندھارا کی تہذیبیں دنیا کے کن حصوں میں پائی جاتی تھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

یونانی، رومی اور گندھارا کی تہذیبیں کن علاقوں میں پروان چڑھیں۔ ان کے نام لکھیں۔

| سبقی منصوبہ بندی2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 3 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: تہذیبوں کا آغاز | باب چہارم: تاریخ |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یونانی، رومی اور گندھارا تہذیبوں کی نمایاں خصوصیات بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب، فلیش کارڈز

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے کہیں کہ آج وہ ''یونانی تہذیب'' کے بارے میں پڑھیں گے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ

- وہ یونانی تہذیب کے بارے میں کیا جانتے ہیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ سے صفحہ نمبر 32 تا 33 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو قدیم یونانیوں کے رہن سہن کے انداز فلیش کارڈز دکھا کر بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ یونانی جزیروں میں رہتے تھے، بلکہ بحیرۂ روم کے ارد گرد بکھری کالونیوں میں بھی رہتے تھے۔ اٹلی، سسلی، ترکی، شمالی افریقہ اور مغرب میں فرانس تک یونانی تھے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یونان قدیم دنیا کے اہم ترین مقامات میں سے ایک تھا۔ یونانی عظیم مفکر، جنگجو، مصنف، اداکار، کھلاڑی، فنکار، معمار اور سیاست دان تھے۔
- طلبہ کو یونانیوں کی ایجادات کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں یونانی تہذیب نے ہی سب سے پہلے شہری ریاستوں کی ابتدا کی۔ ان کے مشہور شہروں میں اسپارٹا، ایتھنز اور اولمپیا وغیرہ شامل تھے۔
- طلبہ کو قدیم یونانیوں کے دیوی اور دیوتاؤں سے متعلق بتائیں اور ان کی عبادت گاہوں کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قدیم یونانی کس قسم کے گھر بناتے تھے اور ان کی آپس میں جنگوں کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اولمپک کھیل قدیم یونانیوں ہی نے متعارف کروائے۔ ان کھیلوں کا آغاز 776 قبل از مسیح میں یونان کے شہر اولمپیا میں ہوا، اس لیے ان کو اولمپکس کا نام دیا گیا۔

**اعادہ** **3منٹ**

سبق کے اہم نکات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

یونانیوں کا طرز زندگی کیسا تھا؟

یونانیوں کے اہم شہروں کے نام بتائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: تاریخ | سبق کا نام: تہذیبوں کا آغاز |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یونانی، رومی اور گندھارا تہذیبوں کی نمایاں خصوصیات بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے کہیں کہ آج وہ سبق ''قدیم تہذیبیں'' پڑھیں گے۔

طلبہ کو بتائیں کہ انسانی تہذیب کا جب آغاز ہوا تو ان میں ایک بڑا نام رومی تہذیب کا بھی ہے۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 33 تا 34 کے متن کی پڑھائی کرائیں۔
- انھیں بتائیں رومی تہذیب کا آغاز 753 قبل مسیح میں ہوا۔ رومی سلطنت اپنے زمانے کی دوسری سپر پاور تھی۔
- طلبہ کو بتائیں کہ بادشاہ رومولس نے سلطنت روم کی بنیاد رکھی۔ قدیم روم ایک متنوع معاشرے پر مشتمل تھا۔ رومی بھی مختلف دیوی دیوتاؤں کی پوجا کرتے تھے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یونانیوں کی خانہ جنگی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے رومیوں نے یونان پر قبضہ کر لیا۔
- طلبہ کو رومن گنتی کا یہ نظام رومیوں نے متعارف کروایا۔
- طلبہ کو رومیوں کے پیشوں کے بارے میں بتائیں۔ رومی اعلیٰ درجے انجینئر اور معمار تھے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ رومی کس طرح کی عمارات بناتے تھے۔ انھیں فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے رومیوں کی مشہور عمارت کلوسیئم کے بارے میں بتائیں۔

**اعادہ** 3 منٹ

سبق کے اہم نکات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** 5 منٹ

مشق 2 جزو (ا) کا سوال طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔